11 - 2 - 22 تعلیمی کمیٹی کے اجلاس میں تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے مسائل زیر بحث آئے۔ اور ضرورت کے پیش نظر عصری علوم پڑھانے کے لیے بعض ٹیچروں کی تقرری عمل میں آئی۔

11 - 2 - 23 انتظامیہ کی میٹنگ ہوئی اور کالجیٹ طلباء میں تعلیمی وتربیتی انقلاب لانے کی خاطر مولانا محمود اسماعیل اور حافظ ابراہیم خلیق صاحبان کا ٹرانسفر مرکز اسلامی سکردو میں کیا گیا۔

11 - 2 - 27 جمعیت اہلحدیث بلتستان کی نمائندگی کرتے ہوئے مدیر عام مولانا عبدالواحد عبداللہ، امیر جماعت مولانا عبدالرحمٰن حنیف، خطیب جامع مرکز اسلامی سکردو مولانا عبدالقادر رحمانی اور مدیر الدعوۃ والارشاد مولانا محمد ابراہیم خان صاحبان ''مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان'' کے انتخابی عمل میں شریک ہوئے۔

11 - 3 - 14 کلیۃ الشریعہ کے آڈیٹوریم میں انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن سعودی عربیہ شعبہ ایتام کے نمائندے جناب محمد یاسر مہران مصری، محمد امین اسعد سوڈانی اور الشیخ عبداللطیف مسئول الرعایۃ الاجتماعیۃ رابطہ عالم اسلامی پاکستان تشریف لائے۔ انہوں نے تنظیم ہذا کے زیر کفالت 86 بلتستانی ایتام میں ڈھائی سال کے واجبات تقسیم کیے۔ اس محفل میں خصوصی طور پر ڈپٹی کمشنر ضلع گنگچھے جناب فضل خالق شریک ہوا۔ ان کے ساتھ صحافیوں کی ٹیم بھی موجود تھی۔

11 - 3 - 15 مذکورہ نمائندوں نے مولانا عبدالواحد عبداللہ کی زیر صدارت گلگت ونواح کے 332 یتیموں میں دو سال چھ ماہ کے وظائف تقسیم کیئے۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری گلگت بلتستان جناب سیف اللہ چٹھہ صاحب اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) گلگت بلتستان جناب حفیظ الرحمٰن صاحب نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

مدیر عام صاحب نے معزز مہمانوں کی خدمت میں سپاس نامہ پیش کیا۔ اور مہمانان گرامی نے جوابی تقریر میں جمعیت اہلحدیث بلتستان کے زیر اہتمام پیش کی جانے والی گرانقدر انسانی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ طلباء نے انگلش، عربی، اردو اور شینا زبانوں میں تقریر، خاکے اور ڈرامے پیش کیئے۔ تنظیم کے مشرف مولانا شریف عبدالرحمٰن بلغاری اور سیکرٹری ثناءاللہ حسن تمام پرگراموں میں ساتھ ساتھ تھے۔